# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودہا

## ٹینڈر دستاویزات

## خریداری لوکل/آفسٹ پیپر

## کیٹگری (I&II)

## برائے مالی سال 2026-2027

# IMPORTANT NOTE !

Bidders must ensure that they submit all the required documents indicated in the Bidding Documents without fail and within the time limit as specified in the bidding document.

Bids received Via Punjab e-Procurement System (eP) without, Undertakings, valid documentary evidence, supporting documents and the manner for the various requirements mentioned in the Bidding Documents, liable to rejected.

This Bidding Process will be governed and applicability under Punjab Procurement Rules, 2014 (Amended Upto Date).

# فہرست



| نمبر شمار | تفصیل | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | ٹینڈر نوٹس | 04 |
| 2 | ٹینڈر دہندگان کے لیے ہدایات | 05 |
| 3 | اشیاء کی تفصیل/ تعداد وتصریحات (کیٹگری ۔I ) | 06 |
| 4 | اشیاء کی تفصیل/ تعداد وتصریحات (کیٹگری۔II ) | 07 |
| 5 | عمومی شرائط برائے ٹینڈر دہندگان | 08 |
| 6 | خصوصی شرائط برائے ٹینڈر دہندگان | 09 |
| 7 | فراہمی کے نظام الاوقات | 10 |
| 8 | کمیٹی برائے ازالہ شکایات | 11 |
| 9 | ٹیکنکل ایویلوایشن کا معیار | 12 |
| 10 | ٹیکنکل پروپوزل (کیٹگری ۔I) | 13 |
| 11 | فنانشل پروپوزل (کیٹگری ۔I) | 14 |
| 12 | ٹیکنکل پروپوزل (کیٹگری ۔II) | 15 |
| 13 | فنانشل پروپوزل (کیٹگری ۔II) | 16 |
| 14 | معاہدہ کا فارم (کیٹگری ۔I) | 17 |
| 15 | معاہدہ کا فارم (کیٹگری ۔II) | 18-19 |

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودہا

نمبر:2057/سٹورز

مورخہ: 16-09-2026

## ٹینڈر نوٹس

بورڈ ہذا کو درج ذیل تفصیل کے مطابق ہائی فنش بلیوایش سفید پیپر (لوکل) اور آفسٹ پیپر کی خرید کے سلسلہ میں انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس کے تحت رجسٹرڈ فرموں سے Punjab e-Procurement System(eP) کے تحت ٹینڈر مطلوب ہیں۔

### کیٹگری -I

| نمبر شمار | نام کاغذ | گرامیج | سائز | تعداد | Estimated Price | CDR 5% |
|---|---|---|---|---|---|---|
| .1 | ہائی فنش بلیوایش سفید پیپر (لوکل) (کاغذ کی دونوں جانب سیاہی ہرگز نہ پھیلے) | 68 گرام | 17"x27" | 15000 رم (فی رم 500 شیٹس) | -/3,44,25,000 روپے | -/17,21,250 روپے |

### کیٹگری -II

| نمبر شمار | نام کاغذ | گرامیج | سائز | تعداد | Estimated Price | CDR 5% |
|---|---|---|---|---|---|---|
| .1 | آفسٹ پیپر Ik,AA,HP,Paper One brand / Equivalent | 80 گرام | (A3) 297x420 mm | 5000 رم (فی رم 500 شیٹس) | ...... | ...... |
| .2 | آفسٹ پیپر Ik,AA,HP,Paper One brand / Equivalent | 80 گرام | (F4A) 216x343 mm | 1000 رم (فی رم 500 شیٹس) | ...... | ...... |
| .3 | آفسٹ پیپر Ik,AA,HP,Paper One brand / Equivalent | 80 گرام | (A-4) 210x297 mm | 5000 رم (فی رم 500 شیٹس) | ...... | ...... |
| | | | | | -/2,11,07,000 روپے | -/10,55,350 روپے |

1- یہ ٹینڈر مورخہ 06-10-2026 بوقت 1:30PM بجے تک بذریعہ Punjab e-Procurement System (eP) پر آن لائن موصول / Submit ہو جانے چاہئیں۔ بذریعہ Punjab e-Procurement System (eP) پر آن لائن موصول ہونے والے ٹینڈرز ہی قابل قبول ہوں گے۔ دستی / رجسٹرڈ ڈاک / کوریئر سروس کے ذریعہ موصول ہونے والے ٹینڈرز قابل قبول نہ ہوں گے۔

2- یہ ٹینڈر اسی روز بوقت 2:00 PM بجے ٹینڈر دہندگان و بااختیار نمائندگان جو اس وقت موجود ہونگے کی موجودگی میں آن لائن کھولے جائینگے۔

3- ٹینڈر دہندگان کے لیے لازم ہے کہ وہ کیٹگری وائز Estimated Price کے 5% کی بڈ سیکورٹی Punjab e-Procurement System(eP) کے تحت مذکورہ پورٹل پر اپ لوڈ / پراسس کریں۔

4- سیکرٹری بورڈ ہذا کو پنجاب پروکیورمنٹ قوانین 2014 کی شق نمبر 35 کے تحت یہ اختیار ہوگا وہ تمام ٹینڈر مسترد کردیں۔

5- علاوہ ازیں خریداری پنجاب پروکیورمنٹ قوانین 2014 کی شق نمبر 38(a)2 کے تحت سنگل سٹیج۔ دو لفافہ جات طریقہ کار کے مطابق کی جائے گی۔

6- ٹینڈر دستاویزات / فارم بورڈ ہذا کی ویب سائٹ https://www.bisesargodha.edu.pk یا پنجاب پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (PPRA) کی ویب سائٹ https:// ppra.punjab.gov.pk سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

7- (PPRA) کی ویب سائٹ کا URL (http://eproc.punjab.gov.pk/Admin_Tender_Search.aspx) ہے اور جوابی وقت کا حساب خصوصی طور پر (PPRA) کی ویب سائٹ پر اشتہار کی اشاعت کی تاریخ سے لگایا جائے گا۔

سیکرٹری

# ٹینڈر دہندگان کے لیے ہدایات

1۔ ٹینڈر دہندگان کے لیے لازم ہے کہ وہ کیٹگری وائز Estimated Price کے 5% کی بڈ سیکورٹی Punjab e-Procurement System(eP) کے تحت مذکورہ پورٹل پر اپ لوڈ/ پراسس کریں۔ ٹینڈر ہذا کی مکمل دستاویزات ہرصورت ٹینڈر کی آخری تاریخ مورخہ **06-10-2026** کو بوقت 1:30PM بجے تک Punjab e-Procurement System (eP) کے تحت آن لائن موصول / Submit ہو جانی چاہئیں۔

2۔ موصولہ ٹینڈرز کی ٹیکنیکل بڈز اسی روز بوقت **2:00 PM** ٹینڈر دہندگان/ با اختیار نمائندگان جو کہ اس وقت موجود ہونگے کی موجودگی میں آن لائن کھولی جائیں گی۔

3۔ ٹینڈر دہندگان کی توجہ Technical Evaluation Criteria کی طرف دلائی جاتی ہے کہ اپنے ٹینڈر کو مطلوبہ ابتدائی دستاویزات کے مطابق درست (Responsive) بنائیں۔

4۔ ٹینڈر دہندہ کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کا یقین کرلے کہ ٹینڈر Punjab e-Procurement System (eP) پر اپ لوڈ/Submit کروانے سے قبل تمام عوامل کی چھان بین کرلی گئی ہے اور ان پر عمل درآمد کرلیا گیا ہے اور ٹینڈر دہندہ کی کسی بھی کوتاہی کی وجہ سے کسی قسم کے مالی دعوی کی ایڈجسٹمنٹ قابل قبول نہ ہوگی۔

5۔ دفتر ہذا نے ٹینڈر دہندہ بارے یہ بات تصور کرلی ہے کہ اس نے ٹینڈر ہذا کی شرائط وضوابط اور تصریحات، درستگی، معاہدہ اور قیمت/ لاگت جو کہ ٹینڈر میں دی گئی ہے کے بارے میں تمام تسلی واطمینان کرلیا ہے۔

6۔ یہ بات واضح طور پر سمجھ لینی چاہیے کہ شرائط اور تصریحات پر سختی سے عمل درآمد کیا جائے گا۔ بورڈ ہذا کی طرف سے مقدار میں اضافہ بارے طلب اور منظوری کے علاوہ معاہدہ کی تمام مدت کے دوران ماسوائے اس کے کہ کسی چیز کی تعداد بڑھائی گئی ہو لاگت میں کسی بھی قسم کے اضافہ کی اجازت نہ ہوگی۔

7۔ اس معاہدہ کے تحت ٹینڈر دہندہ مکمل طور پر ہر قسم کی ترسیلات بورڈ ہذا کے سٹور تک دفتری اوقات کار میں پہنچانے اور وصول کروانے کا ذمہ دار ہوگا۔

8۔ ٹینڈر دہندگان کے لیے ضروری ہے کہ ٹینڈر دستاویزات میں نام، ٹائیٹل، رابطہ نمبر (موبائل، واٹس ایپ) اور ای۔میل ایڈریس واضح طور پر ظاہر کرے۔ جس کے ذریعے ٹینڈر مکمل ہونے تک خط وکتابت کی جا سکے۔

9۔ ٹینڈر ہذا کی کامیاب تکمیل یا منسوخ ہونے کی صورت میں ٹینڈر اشیاء کی تیاری یا ترسیل کے سلسلہ میں ٹینڈر دہندہ کی طرف سے خرچ کردہ کسی بھی قسم کے اخراجات یا لاگت بارے بورڈ ذمہ دار نہ ہوگا۔

10۔ اشیاء/ خدمات مقررہ وقت کے اندر فراہم نہ کرنے کی صورت میں ٹینڈر دستاویزات میں درج طریقہ کار کے مطابق جرمانہ وضروری کارروائی کی جائے گی۔

دستخط ومہر فرم

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودہا

## اشیاء کی تفصیل/تعداد و تصریحات

## کیٹگری -I

| نمبر شمار | نام کاغذ | تصریحات | تعداد رم | Estimated Price | CDR 5% |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | ہائی فنش بلیوائش سفید پیپر (لوکل) (کاغذ کی دونوں جانب سیاہی ہرگز نہ پھیلے) | * Texture = High Finish Bluish white Writing & Printing Paper<br>* Grammage = 68GSM min<br>* Size = 17" x 27"<br>* Burst Factor = 12% min<br>* Brightness = 80% min<br>* Opacity = 90% min<br>* Glazeness = Both sides Glazed<br>* Sheets per ream = 500 sheets<br>* Having no ink penetration / spread<br>* Supply free of damage sheets | 15000رم | 3,44,25,000/-روپے | 17,21,250/-روپے |

دستخط و مہر فرم

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودہا

## اشیاء کی تفصیل/تعداد و تصریحات

## کیٹگری-II

| CDR 5% | Estimated Price | تعداد | تصریحات | نام کاغذ | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|---|
| ...... | ...... | 5000رم | * Brand = Ik,AA,HP,Paper One or Equivalent<br>* Size = 297x420 mm<br>* Grammage = 80GSM min<br>* Thickness =106% min<br>* Brightness = 95% min<br>* Opacity = 90% min<br>* Sheets per ream = 500 sheets<br>* Laser Cutting<br>* Supply free of damage sheets<br>* Orignal Mill Pack | آفسٹ پیپر(A3) | 1۔ |
| ...... | ...... | 1000رم | * Brand = Ik,AA,HP,Paper One or Equivalent<br>* Size = 216x343 mm<br>* Grammage = 80GSM min<br>* Thickness =106% min<br>* Brightness = 95% min<br>* Opacity = 90% min<br>* Sheets per ream = 500 sheets<br>* Laser Cutting<br>* Supply free of damage sheets<br>* Orignal Mill Pack | آفسٹ پیپر(F4A) | 2 |
| ...... | ...... | 5000رم | * Brand = Ik,AA,HP,Paper One or Equivalent<br>* Size = 210x297 mm<br>* Grammage = 80GSM min<br>* Thickness =106% min<br>* Brightness = 95% min<br>* Opacity = 90% min<br>* Sheets per ream = 500 sheets<br>* Laser Cutting<br>* Supply free of damage sheets<br>* Orignal Mill Pack | آفسٹ پیپر(A4) | 3 |
| 10,55,350/- روپے | 2,11,07,000/- روپے | | | | |

## عمومی شرائط برائے ٹینڈر دہندگان:۔

1. ٹینڈر دہندہ فرموں کے لیے ضروری ہے کہ وہ انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس رجسٹرڈ اور پروفیشنل ٹیکس گزار ہوں۔
2. ٹینڈر میں دیئے گئے نرخ 120 دن کے لئے متصور ہونگے۔
3. ٹینڈر بغیر کانٹ چھانٹ اور غیر مشروط ہوں۔ ریٹ بمع ٹیکسز دیئے جائیں۔ تمام قسم کے ٹیکسز کی کٹوتی مروجہ قوانین کے مطابق کی جائے گی۔
4. ٹینڈر دہندگان کے لیے لازم ہے کہ وہ کیٹگری وائز Estimated Price کے 5% کی بڈ سیکورٹی Punjab e-Procurement System(eP) کے تحت مذکورہ پورٹل پر اپ لوڈ/ پراسس کریں۔ بڈ سیکورٹی نہ ہونے کی صورت میں ٹینڈر مسترد کر دیا جائے گا۔
5. کامیاب ٹینڈر دہندہ کو پرچیز آرڈر جاری ہونے سے قبل پرچیز آرڈر کی کل مالیت کے 10% (دس فیصد) کی زرضمانت بطور پرفارمنس گارنٹی Punjab e-Procurement System (eP) کے تحت مذکورہ پورٹل پر اپ لوڈ/ پراسس کرنا ہوگی اور ٹینڈر کی کل مالیت کے 0.25% کے حساب سے E-Stamp پیپرز برائے معاہدہ نرخ منظوری کے مراسلہ کے سات ایام کے اندر فراہم کرنا ہونگے۔
6. Punjab e-Procurement System (eP) پر جاری شدہ پرچیز آرڈر اور دفتر ہذا کی طرف سے جاری کردہ پرچیز آرڈر کی تواریخ میں فرق آسکتا ہے۔ تاہم سپلائی بارے حتمی تواریخ کا تعین بورڈ ہذا کی طرف سے جاری کردہ پرچیز آرڈر سے کیا جائے گا۔
7. سیکرٹری بورڈ ہذا فرم سے کم یا زیادہ تعداد میں خریداری کرنے کے مجاز ہونگے۔ نیز کسی بھی آئٹم کی خریداری منسوخ بھی کی جاسکتی ہے۔
8. علاوہ ازیں ناکام ٹینڈر دہندگان یا کامیاب ٹینڈر دہندگان کی بڈ سیکورٹی یا پرفارمنس گارنٹی کی واپسی Punjab e-Procurement System کے مجوزہ طریقہ کار کے تحت واپس کی جائے گی۔
9. PPRA رولز، ٹینڈر شرائط اور معاہدہ میں سے کسی شق کی خلاف ورزی یا غلط معلومات/ ڈاکومنٹس دینے اور کام میں مسلسل تاخیر کرنے کی صورت میں ٹھیکیدار/ فرم کو خرید کمیٹی کی سفارشات پر جرمانہ، بنک گارنٹی/CDR کی ضبطگی اور بمطابق پیپرا رولز بلیک لسٹ بھی کیا جاسکتا ہے۔
10. سیکرٹری بورڈ اور ٹھیکیدار کے درمیان اختلاف کی صورت میں جناب چیئرمین بورڈ ہذا بمطابق پیپرا رول 68 بطور واحد ثالث فیصلہ کرنے کے مجاز ہونگے۔
11. کسی نالش کی صورت میں معاملہ سرگودہا کی سول عدالت کے علاوہ کسی اور عدالت میں دائر نہیں کیا جائے گا۔
12. سیکرٹری بورڈ ہذا کو پنجاب پروکیورمنٹ قوانین 2014 کی شق نمبر 35 کے تحت یہ اختیار ہوگا کہ وہ تمام ٹینڈر مسترد کر دیں۔
13. مال سپلائی کیلئے بار برداری، لوڈنگ، ان لوڈنگ، انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس، یا کسی بھی اور قسم کے رائج الوقت ٹیکس (وفاقی/ صوبائی) کی شرح میں تبدیلی (کمی بیشی) رائج الوقت قوانین کے مطابق کامیاب ٹینڈر دہندہ کے ذمہ ہوگی۔
14. مال کی سپلائی دفتری اوقات کار میں وصول کی جائے گی۔

دستخط و مہر فرم

## خصوصی شرائط برائے ٹینڈر دہندگان

1۔ (کیٹگری-I) سفید رائیٹنگ، پرنٹنگ پیپر (لوکل) سائز"17"x27 میں حصہ لینے والی فرموں کو ایک رم بطور نمونہ جس پر فرمز کے دستخط و مہر ثبت ہوں فراہم کرنا ہوگا۔

2۔ (کیٹگری-II) آفسٹ پیپر A-3,F4A,A4 تینوں سائز کا ایک ایک رم بطور نمونہ فراہم کرنا ہوگا۔ جن پر فرمز کے دستخط و مہر ثبت ہونے چاہییں۔

3۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ فرم (کیٹگری-II) آفسٹ پیپر پرائم پیک اور ٹینڈر میں درج تصریحات کے مطابق پیپر سپلائی کرنے کی پابند ہوگی۔

4۔ صرف Responsive بڈرز/ٹینڈر دہندگان جو کہ ٹیکنیکل ایویلیوایشن کے معیار پر پورا اتریں گے اُن کی فنانشل پروپوزلز کھولی جائیں گی۔

5۔ Responsive بڈر/ٹینڈر دہندہ جس کے نرخ کیٹیگری وائز کم ترین (Accumulative / Overall) ہوں گے اس کو ٹینڈر الاٹ کیا جائے گا۔

6. (i) کامیاب ٹینڈر دہندہ کو پرچیز آرڈر کے مطابق تمام سپلائی مکمل ہونے پر سفید رائیٹنگ، پرنٹنگ پیپر (لوکل) "17"x27 اور آفسٹ کاغذ A-3,F4A,A4 کے نمونہ جات کی ٹینڈر میں درج تصریحات کے مطابق چیکنگ PCSIR لیبارٹریز لاہور سے کروائی جائے گی، جسکے اخراجات کامیاب ٹینڈر دہندہ کے ذمہ ہونگے۔ سپلائی شدہ پیپر کی تصریحات کے مطابق چیکنگ کرانے کے بعد خرید کمیٹی کی سفارشات پر بل کی 90% ادائیگی کر دی جائے گی۔

(ii) فراہم کردہ پیپر کی تصریحات کا تعین نمونہ جات کے لیبارٹری سے پڑتال کروانے کے بعد مقرر شدہ تصریحات کے اوسط معیار کے مطابق کیا جائے گا۔ ٹینڈر میں درج پیپر کی تصریحات میں مقررہ مقداروں میں 5% تک کمی کی صورت میں پیپر قابل قبول ہوگا۔ تاہم بل سے اُسی نسبت سے تمام سپلائی پر کٹوتی خرید کمیٹی کی سفارشات پر کی جائے گی۔ اگر فرم کو یہ صورتحال قبول نہ ہو تو سامان تبدیل کرنا ہوگا۔

(iii) فرم کے بل سے کٹوتی کردہ 10% سیکورٹی کی ادائیگی تاریخ سپلائی سے چھ ماہ بعد فرم کی درخواست پر متعلقہ برانچوں کی رپورٹ پر کی جائے گی۔

7- ٹینڈر میں شمولیت اختیار کرنے والی فرموں کے لئے ضروری ہے کہ وہ ٹینڈر بذریعہ Punjab e-Procurement System (eP) پر آن لائن ہی جمع/Submit کروائیں نیز **Technical Evaluation Criteria** کے مطابق تمام دستاویزات Punjab e-Procurement System (eP) پر منسلک/اپلوڈ کرنا ہوں گے۔

### سرٹیفیکیٹ از ٹینڈر دھندہ:

مذکورہ بالا تمام شرائط کا بغور مطالعہ کر لیا ہے اور ان سے مکمل اتفاق ہے نیز ان کی پابندی کی جائے گی۔

دستخط و مہر فرم

# فراہمی کےنظام الاوقات (Delivery Schedule)

1۔ (کیٹگری-I) سفید رائیٹنگ، پرنٹنگ پیپر (لوکل) میں کامیاب ٹینڈر دہندہ کو پرچیز آرڈر کے اجراء کی تاریخ سے 30 ایام کے اندر اندر تمام سپلائی دفتر ہذا کے کیمپس فیصل آباد روڈ سرگودہا میں فراہم کرنا ہوگی۔فرم تمام سپلائی دفتری اوقات کار میں بورڈ کے سٹورز تک پہنچانے کی پابند ہوگی۔

2۔ (کیٹگری-II) آفسٹ پیپرز میں کامیاب ٹینڈر دہندہ کو پرچیز آرڈر کے اجراء کی تاریخ سے 45 ایام کے اندر اندر تمام سپلائی دفتر ہذا کے کیمپس فیصل آباد روڈ سرگودہا میں فراہم کرنا ہوگی۔فرم تمام سپلائی دفتری اوقات کار تک بورڈ کے سٹورز تک پہنچانے کی پابند ہوگی۔

3۔ (کیٹگری-I) سفید رائیٹنگ، پرنٹنگ پیپر (لوکل) کی سپلائی میں تاخیر کی صورت میں بورڈ ہذا -/3,000 روپے یومیہ جرمانہ عائد کرے گا۔15 ایام سے زائد تاخیر ہونے کی صورت میں فی یوم جرمانہ -/5,000 روپے عائد کیا جائے گا۔

(کیٹگری-II) آفسٹ پیپرز کی سپلائی میں تاخیر کی صورت میں بورڈ ہذا -/2,000 روپے یومیہ جرمانہ عائد کرے گا۔15 ایام سے زائد تاخیر ہونے کی صورت میں فی یوم جرمانہ 4,000 روپے عائد کیا جائے گا۔

4۔ ناگزیر حالات کی صورت میں پرچیز آرڈر کی تاریخ سپلائی کی مدت میں توسیع/تاخیری جرمانہ میں کمی بیشی/معافی کے لیے کامیاب ٹینڈر دہندہ پرچیز آرڈر میں درج سپلائی کی مدت ختم ہونے سے قبل درخواست گزار سکے گا جس پر جناب چیئر مین بورڈ ہذا خرید کمیٹی کی سفارش کے بعد کلی یا جزوی جرمانہ معافی کا فیصلہ کرینگے۔

5۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ کی جانب سے سپلائی میں ناکامی کی صورت میں بورڈ ہذا کامیاب ٹینڈر دہندہ کے خرچہ وحرجہ (Risk & Cost) پر کام مکمل کروانے کا بندوبست کرسکتا ہے جس کی تمام تر ذمہ داری کامیاب ٹینڈر دہندہ پر ہوگی۔تمام نقصان متعلقہ ٹھیکیدار سے پورا کیا جائے گا۔

دستخط ومہر فرم

## کمیٹی برائے ازالہ شکایات (Redressal Grievances Committee)

1. ٹینڈر دہندگان کی شکایات کے ازالہ کے لیے ایک آزاد کمیٹی برائے ازالہ شکایات تشکیل دی گئی ہے ایسی کسی بھی صورت حال میں **Technical Evaluation Report** کے اجراء کی تاریخ سے بمطابق پیپرا رول نمبر 67(3) پانچ ایام اور **Final Evaluation Report** کے اجراء کے بعد 10 ایام کے اندر اندر **Redressal Grievances Committee** کو پنجاب E-Procurement پورٹل پر عرضداشت پیش کی جاسکتی ہے۔ یہ کمیٹی فریقین کا موقف سننے کے بعد جملہ متنازعہ اُمور کا فیصلہ بمطابق پیپرا رول 67(2) پندرہ دن کے اندر اندر کرے گی اور فریقین پر اسکی پابندی لازم ہوگی۔
2. تمام ٹینڈر دہندگان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ پیپرا رول 67(4) کے مطابق ٹینڈر دہندگان فنانشل پروپوزل کُھلنے سے پہلے تک **Redressal Grievances Committee** کو پنجاب E-Procurement پورٹل پر داخل کر سکتے ہیں۔ فنانشل پروپوزل کُھلنے کے بعد ٹیکنیکل گراؤنڈ پر کوئی Petition داخل نہ کی جاسکے گی اس کے بعد صرف فنانشل اُمور پر Petition داخل کی جاسکتی ہے۔

## سرٹیفیکیٹ از ٹینڈر دھندہ فرم:

اس امر کی تصدیق کی جاتی ہے کہ تمام ٹینڈر دستاویزات کا بغور مطالعہ کر لیا ہے اور ان سے مکمل اتفاق ہے نیز ان کی پابندی کی جائے گی۔

دستخط و مہر فرم

# TECHNICAL EVALUATION CRITERIA

| | | |
|---|---|---|
| 1 | Income Tax Registration Certificate (Active Tax Payer). | 10 |
| 2 | Sales Tax Registration Certificate (Active Tax Payer). | 10 |
| 3 | Professional Tax Certificate Financial Year 2026-2027. | 10 |
| 4 | Bid Security @ 5% of the total estimated price/cost of quoted item(s) must be submitted on Punjab e-procurement system electronically in the manner prescribed by Punjab e-procurement. No physical financial instrument (CDR/Bank Guarantee etc.) will be accepted. | 10 |
| 5 | Samples of one ream paper as per specification. | 10 |
| 6 | PCSIR Report according to Tender specifications. | 15 |
| 7 | Experience of Firm regarding similar supply of Papers (photocopies of Latest work orders) to Government / Semi Government / Autonomous Body / Board/Universities (Public Sector).<br>3 Years =15<br>2 Years=10<br>1 Year = 05<br>0 Year =0 | 15 |
| 8 | Fresh Attachment of Affidavit/Certificate to the Secretary BISE Sargodha regarding Non Blacklisting by any Government / Semi Government / Autonomous Body / Board/Universities (Public Sector) on E-stamp paper of Rs.200/- duly singed by the bidder and attested by Notery Public/Oath Commissioner. | 10 |
| 9 | **Financial Position:**<br>Annual Turnover 50 million (Category-I)<br>Annual Turnover 20 million (Category-II)<br>The Firm attach Certificate from relevant scheduled bank.Bank Statement is Not Aceepted. | 10 |
| | **Total** | **100** |

**Note:-**

1- **The Bidder 70% or above marks will qualify for opening of Financial Bids.**

2- **The Compliance of Sr.No 1,2 and 4 to 9 are Compulsory. The Zero marking in any clause of Sr.No.1,2 and 4 to 9, the bidder / tender will automatically seems to be rejected.**

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودہا

## ٹیکنیکل پروپوزل فارم A- ‘‘بابت خرید سفید لوکل پیپر (کیٹگری-I)

نام فرم:_______________ پتہ:_______________

ای۔میل ایڈریس:_______________ ٹیلی فون نمبر:_______________ موبائل نمبر:_______________

| نمبر شمار | نام کاغذ | تصریحات | تعداد رم | Quoted / Not Quoted |
|---|---|---|---|---|
| 1. | ہائی فنش بلیوایش سفید پیپر (لوکل) (کاغذ کی دونوں جانب سیاہی ہرگز نہ پھیلے) | * Texture = Bluish High Finish<br>* Size = 17" x 27"<br>* Grammage = 68GSM min<br>* Burst Factor = 12% min<br>* Brightness = 80% min<br>* Opacity = 90% min<br>* Glazeness = Both sides Glazed<br>* Sheets per ream = 500 sheets<br>* Having no ink penetration/spread<br>* Supply free of damage sheets | 15000رم | |

### سرٹیفکیٹ:

اس امر کی تصدیق کی جاتی ہے کہ

1 ٹینڈر شرائط (عمومی وخصوصی) کا بغور مطالعہ کر لیا ہے اور ان سے مکمل اتفاق ہے نیز ان کی پابندی کی جائے گی۔

2 ہم نے دفتر کی طرف سے مشتہر کردہ تصریحات وشرائط کے مطابق کاغذ کے نرخ دیئے ہیں۔

3 صفحہ نمبر 12 پر موجود Technical Evaluation Criteria کے مطابق مطلوبہ کاغذات کی کاپیاں اور نمونہ جات فراہم کر دیے ہیں۔ بصورت دیگر اگر ہمارا ٹینڈر مقابلہ میں شامل نہ کیا گیا تو ہمیں کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

### کال ڈیپازٹ

| نمبر شمار | کال ڈیپازٹ نمبر | مورخہ | بنک کا نام وپتہ | بنک کا فون نمبر | مالیت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | | |

دستخط ومہر مل/رجسٹرڈ فرمز

# فنانشل پروپوزل فارم-B''بابت خرید سفید لوکل پیپر (کیٹگری-I)

نام فرم:______________________________ پتہ:______________________________

ای۔میل ایڈریس:______________________ ٹیلی فون نمبر:______________________ موبائل نمبر:______________________

| نمبر شمار | نام کاپی | تصریحات | تعداد رم | نرخ فی رم | مالیت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ہائی فنش بلیوایش سفید پیپر (لوکل)<br>(کاغذ کی دونوں جانب سیاہی ہرگز نہ پھیلے) | * Texture = High Finish Bluish<br>* Size = 17" x 27"<br>* Grammage = 68GSM min<br>* Burst Factor = 12% min<br>* Brightness = 80% min<br>* Opacity = 90% min<br>*Glazeness = Both sides Glazed<br>* Sheets per ream = 500 sheets<br>* Having no ink penetration/spread<br>* Supply free of damage sheets | 15000رم | | |

## سرٹیفکیٹ

اس امر کی تصدیق کی جاتی ہے کہ

1 ٹینڈر شرائط (عمومی وخصوصی وڈیلوری شیڈول) کا بغور مطالعہ کرلیا ہے اوران سے مکمل اتفاق ہے نیز ان کی پابندی کی جائے گی۔

2 ہم نے دفتر کی طرف سے مشتہر کردہ تصریحات وشرائط کے مطابق کاغذ کے نرخ دیئے ہیں۔

3 ٹینڈر دہندہ کیلئے لازم ہے کہ وہ نرخ بشمول تمام ٹیکسز دیں۔ نیز انکم ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس، سیلز ٹیکس اور دیگر کسی بھی قسم کے رائج الوقت ٹیکس (صوبائی/وفاقی) کی شرح میں تبدیلی (کمی/بیشی) رائج الوقت قوانین کے مطابق کامیاب ٹینڈر دہندہ کے ذمہ ہوگی۔

4 ٹینڈر میں پیش کردہ نرخوں کی معیاد ٹینڈر کی عمومی شرائط کی شق نمبر 2 کے مطابق 120 دن کیلئے متصور ہونگے۔

**نوٹ:** نرخ بمعہ ٹیکسز واضح اور بغیر کانٹ چھانٹ کے تحریر کریں۔

## کال ڈیپازٹ

| نمبر شمار | کال ڈیپازٹ نمبر | مورخہ | بنک کا نام وپتہ | بنک کا فون نمبر | مالیت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | | |

دستخط ومہر مل/رجسٹرڈ فرمز

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودہا

## ٹیکنیکل پروپوزل فارم-A''بابت خرید آفسٹ پیپر (کیٹگری-II)

نام فرم:______________________________ پتہ:______________________________

ای۔میل ایڈریس:________________ ٹیلی فون نمبر:________________ موبائل نمبر:________________

| نمبر شمار | نام کاغذ | تصریحات | تعداد | Quoted Paper Brand |
|---|---|---|---|---|
| 1۔ | آفسٹ پیپر(A3) | * Brand = Ik,AA,HP,Paper One or Equivalent<br>* Size = 297x420 mm<br>* Grammage = 80GSM min<br>* Thickness =106% min<br>* Brightness = 95% min<br>* Opacity = 90% min<br>* Sheets per ream = 500 sheets<br>* Laser Cutting<br>* Supply free of damage sheets<br>* Orignal Mill Pack | 5000رم | |
| 2۔ | آفسٹ پیپر(F4A) | * Brand = Ik,AA,HP,Paper One or Equivalent<br>* Size = 216x343 mm<br>* Grammage = 80GSM min<br>* Thickness =106% min<br>* Brightness = 95% min<br>* Opacity = 90% min<br>* Sheets per ream = 500 sheets<br>* Laser Cutting<br>* Supply free of damage sheets<br>* Orignal Mill Pack | 1000رم | |
| 3۔ | آفسٹ پیپر(A4) | * Brand = Ik,AA,HP,Paper One or Equivalent<br>* Size = 210x297 mm<br>* Grammage = 80GSM min<br>* Thickness =106% min<br>* Brightness = 95% min<br>* Opacity = 90% min<br>* Sheets per ream = 500 sheets<br>* Laser Cutting<br>* Supply free of damage sheets<br>* Orignal Mill Pack | 5000رم | |

**سرٹیفکیٹ:**

اس امر کی تصدیق کی جاتی ہے کہ

1 ٹینڈر شرائط (عمومی وخصوصی) کا بغور مطالعہ کرلیا ہے اوران سے مکمل اتفاق ہے نیز ان کی پابندی کی جائے گی۔

2 ہم نے دفتر کی طرف سے مشتہر کردہ تصریحات وشرائط کے مطابق کاغذ کے نرخ دیئے ہیں۔

3 صفحہ نمبر 12 پر موجود Technical Evaluation Criteria کے مطابق مطلوبہ کاغذات کی کاپیاں اور نمونہ جات فراہم کر دیے ہیں۔ بصورت دیگر اگر ہمارا ٹینڈر مقابلہ میں شامل نہ کیا گیا تو ہمیں کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

**کال ڈیپازٹ**

| نمبر شمار | کال ڈیپازٹ نمبر | مورخہ | بنک کا نام وپتہ | بنک کا فون نمبر | مالیت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | | |

دستخط ومہر مل/رجسٹرڈ فرمز

## ''فنانشل پروپوزل فارم-B'' بابت خرید آفسٹ پیپر (کیٹگری -II)

| نمبر شمار | نام کاغذ | تصریحات | تعداد | نرخ فی رم | مالیت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ | آفسٹ پیپر (A3) | * Brand = Ik,AA,HP,Paper One or Equivalent<br>* Size = 297x420 mm<br>* Grammage = 80GSM min<br>* Thickness =106% min<br>* Brightness = 95% min<br>* Opacity = 90% min<br>* Sheets per ream = 500 sheets<br>* Laser Cutting<br>* Supply free of damage sheets<br>* Orignal Mill Pack | 5000رم | | |
| 2۔ | آفسٹ پیپر (F4A) | * Brand = Ik,AA,HP,Paper One or Equivalent<br>* Size = 216x343 mm<br>* Grammage = 80GSM min<br>* Thickness =106% min<br>* Brightness = 95% min<br>* Opacity = 90% min<br>* Sheets per ream = 500 sheets<br>* Laser Cutting<br>* Supply free of damage sheets<br>* Orignal Mill Pack | 1000رم | | |
| 3۔ | آفسٹ پیپر (A4) | * Brand = Ik,AA,HP,Paper One or Equivalent<br>* Size = 210x297 mm<br>* Grammage = 80GSM min<br>* Thickness =106% min<br>* Brightness = 95% min<br>* Opacity = 90% min<br>* Sheets per ream = 500 sheets<br>* Laser Cutting<br>* Supply free of damage sheets<br>* Orignal Mill Pack | 5000رم | | |

## سرٹیفکیٹ

اس امر کی تصدیق کی جاتی ہے کہ

1 ٹینڈر شرائط (عمومی وخصوصی وڈیلوری شیڈول) کا بغور مطالعہ کرلیا ہے اوران سے مکمل اتفاق ہے نیز ان کی پابندی کی جائے گی۔

2 ہم نے دفتر کی طرف سے مشتہر کردہ تصریحات وشرائط کے مطابق کاغذ کے نرخ دیئے ہیں۔

3 ٹینڈر دہندہ کیلئے لازم ہے کہ وہ نرخ بشمول تمام ٹیکسز دیں۔ نیز انکم ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس، سیلز ٹیکس اور دیگر کسی بھی قسم کے رائج الوقت ٹیکس (صوبائی/وفاقی) کی شرح میں تبدیلی (کمی/بیشی) رائج الوقت قوانین کے مطابق کامیاب ٹینڈر دہندہ کے ذمہ ہوگی۔

4 ٹینڈر میں پیش کردہ نرخوں کی معیاد ٹینڈر کی عمومی شرائط کی شق نمبر 2 کے مطابق 120 دن کیلئے متصور ہونگے۔

**نوٹ!** نرخ بمعہ ٹیکسز واضح اور بغیر کانٹ چھانٹ کے تحریر کریں۔

## کال ڈیپازٹ

| نمبر شمار | کال ڈیپازٹ نمبر | مورخہ | بنک کا نام و پتہ | بنک کا فون نمبر | مالیت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | | |

دستخط ومہر فرم

# معــــــــــاھــــــدہ

یہ معاہدہ مورخہ __________ کو جناب سیکرٹری، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، سرگودہا (جسے بعد میں یہاں خریدار لکھا جائے گا) اور میسرز ________________________ (جسے بعد میں یہاں فراہم کنندہ لکھا جائے گا) کے درمیان طے پایا۔
جبکہ خریدار نے سامان/اشیاء جن کی تفصیل درج ذیل ہے خریدنے کے لیے پیش کش/ٹینڈر جاری کیا اور فراہم کنندہ/ٹھیکیدار نے جو نرخ پیش کیے وہ مبلغ ______________ (ٹینڈر کی کل مالیت) خریدار نے قبول کر لیے ہیں۔

| نمبر شمار | نام کاغذ | تصریحات | تعداد رم | نرخ فی رم | مالیت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | ہائی فنش بلیوائیش سفید پیپر (لوکل) (کاغذ کی دونوں جانب سیاہی ہرگز نہ پھیلے) | * Texture = High Finish Bluish<br>* Size = 17" x 27"<br>* Grammage = 68GSM min<br>* Burst Factor = 12% min<br>* Brightness = 80% min<br>* Opacity = 90% min<br>* Glazeness = Both sides Glazed<br>* Sheets per ream = 500 sheets<br>* Having no ink penetration/spread<br>* Supply free of damage sheets | 15000رم | | |

اب یہ معاہدہ درج ذیل طور پر طے پایا:۔

1- اس معاہدہ میں الفاظ اور ان کی وضاحت من وعن اسی طرح ہوگی جس طرح سے ان کا ذکر معاہدہ کی شرائط میں طے کیا گیا ہے۔

2- درج ذیل دستاو کتاویزات اس معاہدہ کے سلسلہ میں مرتب ہیں اور یہ طے کیا جاتا ہے کہ وہ اس معاہدہ کا حصہ ہیں۔

i. ٹینڈر نوٹس/ فارم اور ٹھیکیدار کی جانب سے فراہم کردہ نرخ/ فنانشل پروپوزل۔
ii. اشیاء کی تفصیل/تصریحات وتعداد۔
iii. تمام فنی تصریحات/ٹیکنکل پروپوزل۔
iv. تمام عمومی شرائط۔
v. تمام خصوصی شرائط
vi. فراہمی کے نظام الاوقات
vii. تفصیل بابت کمیٹی برائے ازالہ شکایات
viii. نرخوں کی منظوری کی چھٹی اور پرچیز آرڈر۔
ix. دفتر کی جانب سے کی جانے والی خط وکتابت۔
x. پیپر رولز 2014(Amended upto Date)

3- ٹھیکیدار/فراہم کنندہ خریدار کی جانب سے ادائیگیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے خریدار کو متذکرہ بالا اشیاء بمطابق معاہدہ بلا نقص فراہم کرے گا۔

4- خریدار سامان کی سپلائی اور اس میں کوتاہیوں کے حل کو پیش نظر رکھتے ہوئے فراہم کنندہ کو معاہدہ کے مطابق وقت اور طریق کار کے تحت رقوم کی ادائیگی کرے گا۔

یہ معاہدہ متعلقین مذکور/ با اختیار نمائندگان کے درمیان مذکورہ بالا تاریخ کے مطابق طے پایا۔

دستخط و مہر خریدار
--------------
--------------

دستخط و مہر ٹھیکیدار/فرم
----------------
----------------

# معـــــــــاهــــدہ

یہ معاہدہ مورخہ__________ کو جناب سیکرٹری، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، سرگودہا (جسے بعد میں یہاں خریدار لکھا جائے گا) اور میسرز______________________ (جسے بعد میں یہاں فراہم کنندہ لکھا جائے گا) کے درمیان طے پایا۔

جبکہ خریدار نے سامان/اشیاء جن کی تفصیل درج ذیل ہے خریدنے کے لیے پیش کش/ٹینڈر جاری کیا اور فراہم کنندہ/ٹھیکیدار نے جو نرخ پیش کیے وہ مبلغ____________ (ٹینڈر کی کل مالیت) خریدار نے قبول کر لیے ہیں۔

| نمبر شمار | نام کاغذ | تصریحات | تعداد رم | نرخ فی رم | مالیت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ | آفسٹ پیپر (A3) | * Brand = Ik, AA, HP, Paper One or Equivalent<br>* Size = 297x420 mm<br>* Grammage = 80GSM min<br>* Thickness =106% min<br>* Brightness = 95% min<br>* Opacity = 90% min<br>* Sheets per ream = 500 sheets<br>* Laser Cutting<br>* Supply free of damage sheets<br>* Orignal Mill Pack | 5000 رم | | |
| 2۔ | آفسٹ پیپر (F4A) | * Brand = Ik, AA, HP, Paper One or Equivalent<br>* Size = 216x343 mm<br>* Grammage = 80GSM min<br>* Thickness =106% min<br>* Brightness = 95% min<br>* Opacity = 90% min<br>* Sheets per ream = 500 sheets<br>* Laser Cutting<br>* Supply free of damage sheets<br>* Orignal Mill Pack | 1000رم | | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 3- | آفسٹ پیپر (A4) | * Brand = Ik, AA, HP, Paper One or Equivalent<br>* Size = 210x297 mm<br>* Grammage = 80GSM min<br>* Thickness =106% min<br>* Brightness = 95% min<br>* Opacity = 90% min<br>* Sheets per ream = 500 sheets<br>* Laser Cutting<br>* Supply free of damage sheets<br>* Orignal Mill Pack | 5000 رم | | |

اب یہ معاہدہ درج ذیل طور پر طے پایا:۔

1- اس معاہدہ میں الفاظ اوران کی وضاحت من وعن اسی طرح ہوگی جس طرح سے ان کا ذکر معاہدہ کی شرائط میں طے کیا گیا ہے۔

2- درج ذیل دستاویزات اس معاہدہ کے سلسلہ میں مرتب ہیں اور یہ طے کیا جاتا ہے کہ وہ اس معاہدہ کا حصہ ہیں۔

i. ٹینڈر نوٹس/ فارم اور ٹھیکیدار کی جانب سے فراہم کردہ نرخ/ فنانشل پروپوزل۔

ii. اشیاء کی تفصیل/تصریحات وتعداد۔

iii. تمام فنی تصریحات/ٹیکنکل پروپوزل۔

iv. تمام عمومی شرائط۔

v. تمام خصوصی شرائط

vi. فراہمی کے نظام الاوقات

vii. تفصیل بابت کمیٹی برائے ازالہ شکایات

viii. نرخوں کی منظوری کی چھٹی اور پرچیز آرڈر۔

ix. دفتر کی جانب سے کی جانے والی خط وکتابت۔

x. پیپرا رولز 2014(Amended upto Date)

3- ٹھیکیدار/فراہم کنندہ خریدار کی جانب سے ادائیگیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے خریدار کو متذکرہ بالا اشیاء بمطابق معاہدہ بلانقص فراہم کرے گا۔

4- خریدار سامان کی سپلائی اوراس میں کوتاہیوں کے حل کو پیش نظر رکھتے ہوئے فراہم کنندہ کو معاہدہ کے مطابق وقت اور طریق کار کے تحت رقوم کی ادائیگی کرے گا۔

یہ معاہدہ متعلقین مذکور/ با اختیار نمائندگان کے درمیان مذکورہ بالا تاریخ کے مطابق طے پایا۔

دستخط و مہر خریدار

--------------

--------------

دستخط و مہر ٹھیکیدار/فرم

----------------

----------------